## سوال

(67) میت کے چالیسویں پر قرآن خوانی؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

احناف میں سے بعض اہل علم میت کے چالیسویں پر قرآن شریف بہ نیت ایصال ثواب پڑھتے ہیں۔ کیا یہ کتاب وسنت اور تعامل صحابہ سے ثابت ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتاب وسنت اور تعامل صحابہ سے یہ فعل بہ ہیت کذائیہ ثابت نہیں۔ تیجہ۔ دسواں چالیسواں کرنا کرانا بدعت ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

ایاکم ومحدثات الامور فان کل محدثة بدعة وکل بدعة ضلالة وکل ضلالة فی النار

یعنی دین میں نئے کاموں سے بچو! پس تحقیق ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ اور ہر گمراہی جہنم رسید کرنے والی ہے۔ (فتاویٰ ستاریہ جلد 1 ص 181)

ھٰذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 12 ص 139**

محدث فتویٰ